کوٹیشن نوٹس برائے سالانہ ٹھیکہ ربش ریموول

لاہور کینٹ بورڈ کو اپنے ٹرانسفر اسٹیشن باؤوالا نزد برکی روڈ سے روزانہ کی بنیاد پر قریباً 537 ٹن گُوڑا اُٹھوا کر لکھوڈیر/ محمود بوٹی ڈمپنگ سائٹ پر ڈمپ کرنے کیلئے اچھی شہرت کی حامل/ تجربہ کار فرموں سے PPRA قوانین کے تحت واضع کردہ Bidding Documents جو کہ مبلغ -/10000 روپے کی ادائیگی پر حاصل کئے جاسکتے ہیں پر سالانہ ٹھیکہ کی بنیاد پر سربمہر کوٹیشن مطلوب ہیں۔ ٹھیکہ میں ٹرانسفر اسٹیشن پر جانے والا ہر طرح کا کوڑا کرکٹ/ ویسٹ ملبہ، گارڈن ویسٹ، مُردہ جانور، نالوں، نالیوں کی گار/ سلٹ اور گوبر وغیرہ اُٹھانا شامل ہے۔

مورخہ: 05-06-2024 کو ٹھیک 12:00 بجے دوپہر وصول کی جانے والی کوٹیشنز کو اُسی دن ٹھیک 02:00 بجے دوپہر دن حاضر کوٹیشن دہندگان یا اُن کے مجاز نمائیندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

تفصیل برائے گاڑیاں ریکوائرڈ:

1۔	ایکسیویٹر	1 عدد	(معہ ڈیزل + ڈرائیور + ہیلپر)
2۔	ڈمپرز (ٹین وہیلرز)	8 عدد	(معہ ڈیزل + ڈرائیور + ہیلپر)

شرائط وضوابط:

1۔ Bidding Document اشتہار ہذا کی اشاعت کے فوراً بعد دورانِ اوقات کار کسی بھی روز دفتر کینٹ بورڈ لاہور واقع 42 سرور روڈ لاہور کینٹ سے مقررہ فیس/ قیمت کی ادائیگی کے بعد مورخہ: 05-06-2024 تک وصول کیئے جاسکتے ہیں۔

2۔ Bidding Document حاصل کرنے کیلئے فرم/ ٹھیکیدار/ کمپنی کے لیٹر پیڈ پر واضع الفاظ میں تحریر کردہ درخواست آنا لازمی ہے جس کے ساتھ درخواست دہندہ کے CNIC کی نقل، انکم ٹیکس/ سیلز ٹیکس کی رجسٹریشن سٹیفکیٹ کمپنی کے اکاؤنٹ کی پچھلے 06 ماہ کی بنک سٹیٹمنٹ ٹھیکہ کیلئے درکار گاڑیوں اور عملہ کی فہرست منسلک کی جانی لازمی ہے۔ تمام گاڑیوں کی اصل رجسٹریشن مذکورہ دکھانی ضروری ہے بصورت دیگر بڈنگ Document جاری نہ کیے جائیں گے۔ Tender حاصل کرنے کیلئے گاڑیوں کے اصل کاغذات ہمراہ لانا لازمی ہیں۔

3۔ مشروط (Conditional) اور ہمہ اختیاری (Multioptional) کوٹیشن پیشکش قابلِ غور اور قابلِ قبول نہ ہیں۔

4۔ ہر کوٹیشن اور پیشکش کے ساتھ زرِضمانت (ٹھیکہ کی پیشکش کی سالانہ رقم کا 02 فیصد) کے برابر بصورت کال ڈیپازٹ یا بینک ضمانت (گارنٹی) جو کہ پاکستان میں واقع کسی بھی شیڈولڈ بینک یا غیر ملکی بینک (جو کہ کسی پاکستانی شیڈولڈ بینک سے توثیق شدہ ہو۔ بحق کینٹ ایگزیکٹو آفیسر لاہور کینٹ کوٹیشن کے ساتھ منسلک کیا جانا لازم ہے بصورت دیگر کوٹیشن قابلِ قبول/ غور نہ ہے۔ ایسی کوٹیشن ازخود نامنظور تصور ہونگی۔ علاوہ ازیں چیک/ نقد نا قابل قبول ہوگا۔

5۔ کوٹیشن دہندہ کسی مستند میونسپل ادارہ میں کام کا تجربہ کا سرٹیفیکیٹ درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

6۔ کینٹونمنٹ بورڈ کے نادہندہ اور کینٹ بورڈ کے ساتھ مقدمہ بازی میں ملوث افراد/فرمیں اس میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو 15 دن کے اندر اندر گاڑیوں کا معائنہ کرانا ہوگا۔

8۔ ٹھیکہ کی مدت ایک سال کیلئے ہوگی۔

9۔ دیئے گئے نرخ کم از کم 60 دن کیلئے کارآمد ہونے چاہیے۔

10۔ ٹھیکہ مذکورہ پر PPRA قوانین لاگو ہیں۔تمام گاڑیوں کا مالک ایک ہو اور تمام گاڑیاں 5 سال سے زیادہ پرانی نہ ہوں بصورت دیگر Bidding Document ایشو نہیں کئے جائیں گے۔

11۔ کامیاب فرم/ٹھیکیدار کے بل سے حکومت پاکستان کے عائد ٹیکس مروجہ شرح سے کاٹے جائینگے۔جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کے کاغذات جمع کروا کر ٹینڈر لیا جائے گا ٹھیکیدار اُن ہی گاڑیوں کو دوران ٹھیکہ چلانے کا پابند ہوگا۔تاکہ بعد میں پرانی اور ناکارہ/خراب گاڑیاں چلا کر کنٹونمنٹ بورڈ لاہور کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہوسکے۔

12۔ کامیاب فرم/ٹھیکیدار دفتر کینٹ بورڈ کیساتھ اپنے ہرجہ وخرچہ کے غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر باقاعدہ معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

13۔ شرائط وضوابط و دیگر ضروری تفصیلات کینٹ بورڈ لاہور اور PPRA Website پر بھی ملاحضہ کی جاسکتی ہیں۔

14۔ زیر دستخطی/کینٹ بورڈ لاہور کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی ایک یا تمام کوٹیشنز کو کسی وجہ کی بنا پر PPRA Rules کے مطابق مسترد کردے۔

15۔ مزید تفصیلات/معلومات کیلئے دورانِ اوقات کار اسسٹنٹ سیکرٹری کینٹ بورڈ یا چیف پبلک ہیلتھ آفیسر لاہور سے رابطہ کریں۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر لاہور کینٹ

UAN: 042-111-042-522

042-99223005

Website: WWW.lcb.gov.pk

Email: lcb@lcb.gov.pk